عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

۱

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالی عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنّی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ [illegible]

قیمت ۲/۵۰

وصلاحہ واما منہ ابی محمد الجوینی الذی قیل فی ترجمتہ لوجاز ان یبعث اللہ فی ھذہ
الامۃ نبیاً لکان ابا محمد الجوینی مگر ہر حدیث حق ہے ہر حق حدیث نہیں۔ حدیث ماننے اور حضور
اکرم سید عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی طرف نسبت کرنے کے لئے ثبوت چاہیئے۔ بے
ثبوت نسبت جائز نہیں۔ اور قول مذکور ثابت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ حضرت ام المومنین محبوبۂ سید
المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہا وسلم کا روح اقدس سیدنا الغوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دودھ پلانا بعض
مداحین حضور اسے واقعہ خواب بیان کرتے ہیں۔ کما رأیت فی بعض کتبہم التصریح بذلک
اس تقدیر پر تو اصلاً وجہ استبعاد نہیں اور اب اس پر جو کچھ ایراد کیا گیا سب بیجا و بے محل ہے۔ اور اگر بیداری
ہی میں مانا جاتا ہو تاہم بلاشبہ عقلاً ممکن اور شرعاً جائز اور اسمیں کوئی استحالہ درکنار استبعاد بھی نہیں۔ اِنَّ
اللہ علی کل شیئ قدیر۔ نہ ظاہر ہیں حضرت ام المومنین کے پاس شیر ہونا کچھ اس کے منافی کہ امور خارقہ
للعادۃ اسباب ظاہریہ پر موقوف نہیں نہ روح عامۂ متکلمین کے نزدیک مجردات سے ہے اور فی نفسہا
مادیہ نہ سہی تاہم مادہ سے اسکا تعلق بدیہی نہ جسم جسم شہادت میں منحصر جسم مثالی بھی کوئی چیز ہے کہ ہزاروں احادیث
برزخ وغیرہ اسپر گواہ کیفما کان شک نہیں کہ روح مفارق کیطرف نصوص متواترہ میں نزول وصعود ووضع
وتمکن وغیرہا اعراض جسم وجسمانیات قطعاً منسوب اور وہ نسبتیں اہل حق کے نزدیک ظاہر پر محمول بالیت
شعری جب ارواح شہدا کا میوہای جنت کھانا ثابت الترمذی عن کعب بن مالک قال قال
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ارواح الشہداء فی طیر خضر تعلق من ثمر الجنۃ بلکہ دوسری
روایت میں ارواح عام مومنین کیلئے یہی ارشاد الامام احمد عن الامام الشافعی عن الامام مالک
عن الزہری عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نسمۃ المؤمن طائر یعلق فی شجر الجنۃ حتی یرجعہ اللہ الی جسدہ
یوم یبعثہ۔ تو دودھ پینے میں کیا استحالہ ہے حال روح بعد فراق و پیش از تعلق میں فارق کیا ہے۔
آخر حضرت ابراہیم علی ابیہ وعلیہ الصلاۃ والتسلیم کے لئے صحیح حدیث میں ہے کہ جنت میں دودیہ انکی
مدت رضاعت پوری کرتی ہیں احمد ومسلم عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم ان ابراہیم ابنی وانہ مات فی الثدی وان لہ لظئرین یکملان رضاعہ فی الجنۃ ہاں ہم
یہ باتیں نافی استحالہ ہیں نہ مثبت وقوع قابل بالوقوع تاوقتیکہ نقل ثابت نہ ہو جزاف و بے اصل ہے۔